30 جنوری، 2012

پاکستان میں تجارت وسرمایہ کاری کے فروغ کیلئے اسٹیٹ بینک اور ICIEC کے درمیان مفاہمت کی یادداشت پر دستخط

اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور اسلامی ترقیاتی بینک (IDB) گروپ کی رکن اسلامک کارپوریشن فار دی انشورنس آف انویسٹمنٹ اینڈ ایکسپورٹ کریڈٹ (ICIEC) نے پاکستان میں تجارت وسرمایہ کاری کو فروغ دینے میں تعاون کے لئے مفاہمت کی ایک یادداشت (MoU) پر دستخط کر دیئے ہیں۔

مفاہمت کی یادداشت جس پر گورنر، اسٹیٹ بینک آف پاکستان جناب یاسین انور اور ICIEC کے چیف ایگزیکٹو آفیسر (CEO) ڈاکٹر عبدالرحمان طحٰہ نے آج اسٹیٹ بینک آف پاکستان، کراچی میں ایک سادہ مگر پروقار تقریب میں دستخط کیے، کا مقصد دونوں اداروں کے درمیان بینکاری صنعت کی صورتحال اور کام کی کارکردگی اور ملک میں کام کرنے والے بینکوں میں ICIEC کے ایکسپوژرز کے بارے میں معلومات کے تبادلے کی بنیاد قائم کرنا ہے۔

مفاہمت کی یادداشت کے تحت دونوں فریقین مروجہ قوانین اور قواعد کے مطابق پاکستان سے اور پاکستان میں ہونے والی تجارت وسرمایہ کاری کے بہاؤ کو فروغ دینے اور اس میں سہولت فراہم کرنے کے مقصد کے لئے ایک دوسرے سے تعاون کریں گے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان ملک میں غیر ملکی سرمایہ کاری سے متعلق بینکنگ انڈسٹری کی سطح کی (انفرادی بینک کی نہیں) معلومات اور اپنی رپورٹس، پیپرز وغیرہ کا ICIEC کے ساتھ اس کی جانب سے جیسا اور جب طلب کرنے پر تبادلہ کرے گا۔

پاکستان میں ICIEC کے آپریشنز میں دیگر کے علاوہ پاکستان میں لیٹرز آف کریڈٹ (ایل سی) کا اجراء کرنے والے بینکوں کو شریعہ کمپلائنٹ انشورنس کوریج کی فراہمی شامل ہوگی جس سے انہیں اپنی ایل سیز کو مسابقتی شرحوں پر کنفرم (confirm) کرنے میں مدد ملے گی۔

قبل ازیں، ڈاکٹر عبدالرحمان طحٰہ نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے گورنر جناب یاسین انور سے ملاقات کی اور پاکستان میں ICIEC کے آپریشنز بڑھانے سے متعلق منصوبوں کے بارے میں تبادلہ خیال کیا۔ جناب یاسین انور نے ان کا خیر مقدم کیا اور پاکستان میں ICIEC کی دلچسپی کو سراہا۔ انہوں نے ملک میں تجارت وسرمایہ کاری کے فروغ کے لئے ICIEC کو اسٹیٹ بینک کے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

ڈاکٹر طحٰہ نے کہا کہ مفاہمت کی یادداشت پر دستخط رکن ملکوں میں مالیاتی اداروں کے ساتھ تعاون میں ICIEC کے کردار کے فریم ورک کے تحت ہے تاکہ انہیں اپنے صارفین کو ایکسپورٹ فائنانس فراہم کرنے کے قابل بنایا جا سکے۔ انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ساتھ مفاہمت کی یادداشت پر دستخط سے پاکستان کی بین الاقوامی تجارت بالخصوص او آئی سی ممالک کے ساتھ تجارت میں تعاون کے لئے ICIEC کی اہلیت میں نمایاں وسعت آئے گی۔

ICIEC جس کا ہیڈ کوارٹر جدہ، سعودی عرب میں قائم ہے، دنیا میں کریڈٹ اور پولیٹیکل رسک انشورنس (تکافل) کی خدمات کی فراہمی میں واحد کثیر الجہتی شریعہ کمپلائنٹ ای سی اے ہے۔ ICIEC کی رسک کم کرنے کی تمسکات (انسٹرومنٹس) سے اس کے رکن ملکوں میں کلائنٹس (برآمد کنندگان بینکوں اور سرمایہ کاروں) کو کم پر خطر اور کم لاگتی انداز میں اپنے کاروباری حجم کو بڑھانے میں مدد ملتی ہے۔

1995 میں اپنے قیام کے بعد سے ICIEC نے 11 بلین امریکی ڈالر سے زائد کی انشورنس کمٹمنٹس فراہم کی ہیں۔ بزنس میں 17 سال کے عرصے میں ICIEC نے معروف برآمد کنندگان، ای سی ایز، ری انشوررز اور بینکوں کے ساتھ احتیاط کے ساتھ پیشہ ورانہ تعلقات استوار کئے ہیں۔ ICIEC اب ایک ایسا نام ہے جسے دنیا بھر میں اس کے شراکتداروں کا اعتماد حاصل ہے۔ ICIEC کے شیئر ہولڈرز میں اسلامی تعاون کی تنظیم (OIC) سے 40 ممالک شامل ہیں۔ اس کا بڑا شیئر ہولڈر اسلامی ترقیاتی بینک (IDB) ہے جس کے پاس سرمائے کی 67 فیصد ملکیت ہے اور جسے تین عالمی ریٹنگ ایجنسیوں (ایس اینڈ پی، موڈیز اور Fitch) کی جانب سے AAA ریٹنگ دی گئی ہے۔ موڈیز کی جانب سے ICIEC کو انفرادی بنیاد پر مستحکم صورتحال کے ساتھ Aa3 ریٹنگ دی گئی ہے۔

[☆☆☆]